بسم اللہ الرحمن الرحیم

نماز باجماعت کے احکام

صف بندی

☆ نماز باجماعت کے لیے اقامت کے دوران اپنی صفوں کو سیدھا اور برابر کرلیں۔ اپنے ساتھ والے شخص کے کندھے سے کندھا اور قدم سے قدم ملا کر کھڑے ہوں اس طرح سے کہ آپ کی ایڑی ساتھ والے شخص کی ایڑی سے مل جائے اور درمیان میں فاصلہ نہ چھوڑیں۔

☆ اگلی صف میں جگہ ہوتے ہوئے پچھلی صف میں کھڑے ہونا ناپسندیدہ نہیں ہے۔

☆ باجماعت نماز کے دوران پیچھے اپنی انفرادی نماز شروع نہ کریں یہ سخت ناپسندیدہ ہے۔ اگر نفل نماز شروع کررکھی ہو اور فرض نماز کی جماعت ہونے لگے تو نفل نماز توڑ کر فرض جماعت میں شامل ہو جائیں۔ بعد میں نفل ادا کرلیں۔

☆ فرض باجماعت ادا کرنے کے بعد اپنی جگہ بدل کر سنتیں پڑھنا پسندیدہ ہے۔ البتہ اگر ذکر اذکار اور بات چیت کرلی جائے تو اسی جگہ سنتیں پڑھی جاسکتی ہیں۔

امام کی پیروی

☆ امام کے پیچھے نماز ادا کرنے والے کو مقتدی کہتے ہیں۔ امام سے پہلے نماز کا کوئی عمل کرنا سخت گناہ ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی شخص اس بات سے نہیں ڈرتا کہ جب وہ امام سے پہلے سر اٹھائے تو اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کے سر کی طرح یا اس کا چہرہ گدھے کے چہرے کی طرح کا بنادے۔ (بخاری، مسلم، ابوداؤد)

امام اسی لیے بنایا گیا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ لہٰذا اس سے جلدی کرنے کی بجائے یہ کوشش کریں کہ جب امام ایک عمل کر چکے تو آپ اس عمل کا آغاز کریں۔

سرّی اور جہری نمازیں

☆ فجر، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں امام پہلی دو رکعتوں میں بلند آواز سے سورۃ الفاتحہ اور ساتھ کوئی سورۃ تلاوت کرتا ہے۔ یہ جہری نمازیں کہلاتی ہیں۔

☆ ظہر اور عصر کی نمازوں میں چاروں رکعات میں امام آہستہ آواز میں تلاوت کرتا ہے۔ ان کو سرّی نمازیں کہتے ہیں۔

امام کے پیچھے قراءت کرنا

☆ جہری نماز میں امام کے پیچھے صرف سورۃ الفاتحہ پڑھنی چاہیے اور باقی قراءت خاموش سے سننی چاہیے۔

حضرت جابرؓ بن عبداللہ کی روایت کے مطابق امام کی قراءت تمام مقتدیوں کی قراءت قرار پاتی ہے۔ لہٰذا جب امام بلند آواز میں تلاوت کررہا ہو تو خاموشی سے سنیں۔ جن رکعات میں امام آہستہ آواز میں تلاوت کرے ان میں سورۃ الفاتحہ پڑھیں۔ اس کے ساتھ کوئی اور سورۃ بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ تاہم ہر نماز میں امام کے پیچھے تکبیریں (اللّٰہُ اکبر) تسبیحات (سُبْحَانَ رَبِّیَ العَظِیْمِ، سُبْحَانَ رَبِّیَ الْأَعْلٰی، رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ) اور التحیات آہستہ آواز میں پڑھیں۔

دوران جماعت شمولیت کا طریقہ

اگر آپ اس وقت مسجد میں پہنچیں جبکہ جماعت ہو رہی ہو تو اللہ اکبر یعنی تکبیر تحریمہ کہہ کر جماعت میں شریک ہو جائیں۔ پھر جب امام سلام پھیرے تو آپ سلام نہ پھیریں بلکہ کھڑے ہو کر اپنی باقی نماز پوری کرلیں۔ تاخیر سے جماعت میں شرکت کے لیے اصول کی بات یاد رکھیں کہ آپ کی نماز کا جو حصہ (رکعت، تلاوت وغیرہ) رہ گیا ہے اسے اب آپ نے خود مکمل کرنا ہے۔

یہ دھیان رکھیں کہ اگر آپ کو سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا موقع نہیں ملا تو آپ کی وہ رکعت شمار نہیں ہو گی۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

نماز باجماعت کے احکام

نماز باجماعت کا اجر

سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

’’آدمی کی جماعت کے ساتھ نماز گھر میں یا بازار میں پڑھنے سے پچیس درجہ زیادہ بہتر ہے۔ وجہ یہ ہے کہ جب ایک شخص وضو کرتا ہے اور اس کے تمام آداب کو ملحوظ رکھ کر اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر مسجد کا راستہ پکڑتا ہے اور سوائے نماز کے اور کوئی دوسرا ارادہ اس کا نہیں ہوتا تو ہر قدم پر اس کا ایک درجہ بڑھتا ہے اور ایک گناہ معاف کیا جاتا ہے اور جب نماز سے فارغ ہو جاتا ہے تو فرشتے اس وقت تک اس کے لیے برابر دعائیں کرتے رہتے ہیں جب تک وہ اپنے مصلّے پر بیٹھا رہے۔ کہتے ہیں اے اللہ! اس پر اپنی رحمتیں نازل فرما، اے اللہ! اس پر رحم کر اور جب تک تم نماز کا انتظار کرتے رہو گویا تم نماز ہی میں مشغول ہو۔‘‘

(صحیح البخاری:647)

AL-HUDA
Publications (Pvt) Ltd.

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

نماز باجماعت کے احکام

صف بندی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

’’اپنی صفیں درست کرو کیونکہ صفیں درست کرنا نماز کی تکمیل میں شامل ہے۔‘‘

(سنن ابن ماجہ:993)

1 کندھے سے کندھا اور قدم سے قدم ملائیں

2 صفوں کو سیدھا اور برابر کرلیں

3 پہلے اگلی صف مکمل کریں۔

امام کے پیچھے قراءت کرنا

سرّی نمازیں	جہری نمازیں
ظہر اور عصر کی نمازوں میں امام کے پیچھے تلاوت، تکبیریں، تسبیحات اور التحیات آہستہ آواز میں پڑھیں۔	فجر، مغرب اور عشاء کی نمازوں میں امام کے پیچھے صرف سورۃ الفاتحہ پڑھنی چاہیے۔ اور باقی قراءت خاموشی سے سنیں۔

دوران جماعت شمولیت کا طریقہ

1 اللہ اکبر یعنی تکبیر تحریمہ کہہ کر جماعت میں شریک ہو جائیں

2 جب امام سلام پھیرے تو آپ سلام نہ پھیریں بلکہ کھڑے ہو جائیں

3 اپنی باقی نماز پوری کرلیں

امام کی پیروی کریں

امام سے پہلے نماز کا کوئی عمل کرنا سخت گناہ ہے۔

سورۃ الفاتحہ

جس رکعت کی سورۃ الفاتحہ امام کے ساتھ نہ پڑھی ہو وہ رکعت شمار نہیں ہوگی۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی، پاکستان فون: 4-34313273-21-92+ 34528547-21-92+

www.alhudapk.com www.farhathashmi.com

06010116